تبصرے

تذکرہ مولانا احتشام الحسن۔ کاندھلوی:

مؤلف مولوی احترام الحسن صاحب کاندھلوی

صفحات ۸۰ کتابت و طباعت نفیس و معیاری،

قیمت: -/۴ ناشر دار الاشاعت کاندھلہ ضلع مظفر نگر۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب تبلیغ، علم درس تصنیف و تالیف اور دین و شریعت کے میدان کی ایک معروف شخصیت مولانا احتشام الحسن صاحب کے حالات زندگی اور ان کی علمی و دینی اور تبلیغی، تصنیفی تالیفی درسی اور ملی خدمات و کارناموں کا ذکر دلچسپ شگفتہ اور سنجیدہ انداز میں کیا گیا ہے۔

مولانا احتشام الحسن صاحب علم و عمل اور تبلیغ و ہدایت کے میدان کے ایک معروف بزرگ اور جانی پہچانی شخصیت کا نام ہے۔ آپ کی علمی و تبلیغی خدمات دینی و ملی حلقوں میں قدر و منزلت کی نظر سے دیکھی جاتی ہے۔

زیر تبصرہ کتاب حضرت مولانا احتشام الحسن صاحب علیہ الرحمہ کے لائق فرزند ہمارے مخلص دوست مولانا احترام الحسن صاحب کاندھلوی نے مرتب کی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ ایک طویل داستانِ حیات اور قابل قدر تاریخ فکر و عمل کو نہایت اختصار و جامعیت کے ساتھ اس مختصر کتاب میں یکجا کر دیا گیا ہے۔ زبان صاف ستھری سلیس اور نکھری ہوئی ہے، لب و لہجہ سنجیدہ ہے۔

ہم تمام ارباب فکر و دانش اور اہل علم دین سے اس کتاب کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔

(د۔ا۔ص)